**بیسک فیکٹ شیٹ**

**"الفا ٹرانزیکشن انشورنس بائی ای ایف یو "**

معزّز صارف،
بیمہ پلان خریدنا ایک اہم فیصلہ ہوتا ہے اور ہم آپ کے بیمہ خرید نے کے لئے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اپنے عہد کےحصے کے طور پر کہ آپ اس بیمہ خرید کے خطرات اور فوائد کو مکمل طور پر سمجھتے یں، براہ مہربانی اپنے فہم و ادراک کے لئے درج ذیل تفصیلات نوٹ فرمائیں:

- **" الفا ٹرانزیکشن انشورنس بائی ای ایف یو "** - ایک مالی اور زندگی کے تحفظ پر مبنی فائدہ (ٹرانزیکشنل انشورنس/ٹر م لائف ) جس کا مقصد بینک الفلاح کے صارفین کو کسی دھوکہ دہی کے مالی لین دین اور کسی بھی وجہ سے وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرنا ہے۔
- کسی ابہام سے بچنے کے لئے ، **بینک الفلاح**کی طرف سے مارکیٹ کی جانے والی/فروخت کی جانے والی یہ پروڈکٹ سراسر **ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل** کی پروڈکٹ ہے اور **بینک الفلاح** ایسی پروڈکٹس کی پیشکش کے سلسلے میں **ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل** کے صرف تقسیمی ایجنٹ کی حیثیت میں کام کررہا ہے۔ پلانز نہ ہی بینک ڈپازٹس ہیں اور نہ ہی بینک کی ذمہ داریاں اور **بینک الفلاح** ایسی پروڈکٹس کی کارکردگی کے سلسلے میں یا صارف کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا جو صارف کو **ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل** کے عملدرآمد اور /یا پلان کے تحت کسی بھی کلیم کے رد کئے جانے کے نتیجے میں پیش آئے۔
- **الفا ٹرانزیکشن انشورنس بائی ای ایف یو** کے لئے غور و فکر کا دورانیہ پندرہ دن ہے جس میں بغیر کسی جرمانے کے پالیسی منسوخ کی کی جاسکتی ہے اور صارف کو ادا کئے گئے پریمیئم کی کل رقم واپس کردی جائے گی۔
- پریمیئم مکمل طور پر **ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل** کی طرے سے واپس کیا جائے گا اگر پالیسی غوروفکر کے دورانیے میں منسوخ کی جاتی ہے۔ البتہ اگر پالیسی غور و فکر کے دورانیے کے بعد منسوخ کی جاتی ہے، تو ادائیگی نہیں کی جائے گی، البتہ پالیسی کسی بھی وقت منسوخ کی جاسکتی ہے ۔ کسی کلیم کی صورت میں ، پالیسی کو منسوخ کیا جاسکتا ہے، اور پریمیئم واپس نہیں کیا جائے گا، اور کلیم پر پالیسی شرائط و ضوابط کے مطابق عمل در آمد کیا جائے گا۔
- مندرجہ ذیل چیزیں اس پالیسی کے تحت شامل نہیں ہیں:
  - oٹرانزیکشن ریکارڈنگ سسٹم میں کسی بھی قسم کی غلطیاں؛
  - oگاہک کے اکاؤنٹ سے اصل ٹرانزیکشن رقم سے زیادہ یا کم رقم کا ڈیبٹ ہونا؛
  - oبینک/فنانشل انسٹی ٹیوشن/اکاؤنٹ بیلنس کی طرف سے مختص کردہ کارڈ کی حد سے زیادہ رقم کا ڈیبٹ ہونا۔
  - oکسی بھی قسم کے سائبر فراڈ/ذمہ داری/جرم سے متعلق یا اسی طرح کے نقصانات کا کوئی کور نہیں۔
  - oان نقصانات کا کوئی کور نہیں جو پالیسی جاری ہونے کی تاریخ سے پہلے ہی بیمہ دار کو معلوم تھے۔
  - oاس صورت میں کوئی کور نہیں جب گاہک معصومیت یا جان بوجھ کر بینک کی خفیہ معلومات فراہم کرے (سپوفنگ)۔
  - oکسی بھی پراسرار ٹرانزیکشن کا کوئی کور نہیں جس کے نقصان کی وجہ کا تعین نہ کیا جا سکے۔
  - oوہ کوئی بھی نقصان جو پالیسی کی مدت کے دوران دریافت نہ کیا گیا ہو یا اطلاع نہ دیا گیا ہو۔
  - oگاہک کی طرف سے خود یا کسی کے ساتھ مل کر کیے گئے کسی بھی قسم کے فراڈ۔
  - oگاہک کی جانب سے ذاتی معلومات بشمول OTP (ون ٹائم پاس ورڈ)، ذاتی اکاؤنٹ اور/یا کارڈ کی تفصیلات وغیرہ کو شعوری یا غیر شعوری طور پر یا کسی دباؤ یا دھمکی کے تحت شیئر کرنے سے ہونے والا کوئی بھی نقصان۔
  - oجنگ، ہڑتالیں، فسادات، شہری ہنگامہ (SRCC)، دہشت گردی اور سیاسی خطرات سے مستثنیٰ، جوہری خطرات سے مستثنیٰ، مواصلاتی/متعدی بیماری، پابندی کی حد بندی سے مستثنیٰ، اور منی لانڈرنگ سے مستثنیٰ۔
  - oخودکشی، جان بوجھ کر خود کو پہنچائی گئی چوٹ، قتل، حملہ، قتل، فائرآرم سے چوٹ، کسی مجرمانہ سرگرمی میں حصہ لینا یا قانون کی خلاف ورزی۔
- 

- ٹرانزیکشن انشورنس کی اہلیت کا معیار:

| اہلیت کا معیار | فوائد |
|---|---|
| اندراج کی عمر: 18 سے 64 سال<br>تحفظ کی عمر: 18 سے 65 سال | دھوکہ دہی کے لین دین کا تحفظ<br>ٹرم لائف تحفظ |
| اندراج کی عمر: 18 سال اور اس سے زائد<br>تحفظ کی عمر: 18 سال اور اس سے زیادہ | دھوکہ دہی کے لین دین کا تحفظ |

- وضاحت کی جاتی ہے کہ اس پالیسی سے متلق کسی بھی شکایت کے لئے ، صارف **ای ایف یو لائف** یا **ای ایف یو جنرل** سے 111-EFU(338)-111یا 3565-3907-9 (21 92+)پر ربطہ کرسکتا ہے۔ صارف
- 021-111-225-111 پر بینک الفلاح سے رابطہ کرسکتا ہے یا contactus@bankalfalah.com پر ای میل کرسکتا ہے۔

- پلان کے سلسلے میں کسی کلیم کی صورت میں، براہ مہربانی درج ذیل پتے پر بیمہ داران سے رابطہ کریں:

| ٹرم لائف کے لئے | دھوکہ دہی کا لین دین |
|---|---|
| ای ایف یو لائف ہاؤس رابطہ تفصیلات:<br>ای ایف یو لائف ہاؤس، کلیمز ڈپارٹمنٹ،<br>پلاٹ نمبر 112، 8ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے،<br>فیز 1، کراچی<br>فون: 111 338 111 21 92+<br>ای میل ای ایف یو لائف:<br>claims@efuinsurance.com | ای ایف یو جنرل رابطہ تفصیلات:<br>پہلا فلور، کاشف سینٹر، شاہراہ فیصل،<br>کراچی<br>فون: 3565 3907-9 (21 92+)<br>ای میل ای ایف یو<br>جنرل:central@efuinsurance.com |

**بینک الفلاح ۔** فون بینکنگ: (021) 111 225 111

**نوٹ:**

1۔ بینک آپ کو تعلیمی طور پر اہل سمجھے گا اس حقیقت پر کہ آپ نے درخواست پر لاگ ان کیا ہے اور اپنا اکاؤنٹ چلانے کے لئے ٹیکنولوجی سے واقف ہیں

2۔ آپ کی آسانی کے لئے بینک نے دستاویز اردو اور انگریزی زبانوں میں فراہم کی ہے۔ براہ مہربانی دستاویز کو پڑھئے اور اس پر اپنی رضامندی پیش کیجئے جو یقینی بنائے گا کہ آپ پالیسی خریدنے کے لئے طبی طور پر صحیح حالت میں ہیں

3۔ ایک مرتبہ جب آپ نے پالیسی خرید لی ہے، تو براہ میربانی پالیسی دستاویز کا بغور جائرہ لیجئے جو "پالیسی بریف کیس" میں موجود ہیں